Maulana Azad National Urdu University

B.A III Semester Examination - January - 2021

Paper : BAIS301CCT- Faith, Quran and Hadith

پرچہ : عقیدہ ، قرآن اور حدیث

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) تفسیر مفاتیح الغیب کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) امام زمخشری (b) امام رازی (c) امام طبری (d) امام بیضاوی

(ii) آپؐ پر پہلی وحی کہاں نازل ہوئی۔

(a) کوہ طور (b) کوہ سینا (c) غار ثور (d) غار حرا

(iii) زکوۃ کے اصل معنی کیا ہیں۔

(a) پاک کرنا (b) ارادہ کرنا (c) دعا کرنا (d) رک جانا

(iv) سنن ترمذی کس فن کی کتاب ہے۔

(a) قرآن (b) حدیث (c) فقہ (d) تصوف

(v) مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی تفسیر کا نام بتایئے۔

(a) ترجمان القرآن (b) تدبر قرآن (c) بیان القرآن (d) تفہیم القرآن

(vi) الصحیفہ الصادقہ کس صحابی کی جمع کردہ احادیث کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

(a) حضرت ابوہریرہؓ (b) حضرت ابوبکرؓ (c) حضرت عبداللہ بن العاصؓ (d) حضرت عبداللہ بن عباسؓ

(vii) صحیحین حدیث کی کن کتابوں کو کہتے ہیں۔

(a) ترمذی اور مسلم (b) بخاری اور ابوداؤد (c) نسائی اور ابن ماجہ (d) بخاری اور مسلم

(viii) حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں قرآن مجید کے جمع وتدوین کا کام کس کی نگرانی میں انجام دیا گیا۔

(a) حضرت عمرؓ (b) حضرت زید بن ثابتؓ (c) حضرت انس ابن مالکؓ (d) حضرت عثمانؓ

(ix) صحاحِ ستہ میں کل کتنی حدیث کی کتابیں شامل ہیں۔

(a) 3 (b) 4 (c) 5 (d) 6

(x) حدیث میں تقریر کے اصل معنی کیا ہیں۔

(a) برقرار رکھنا (b) خبر دینا (c) حاصل کرنا (d) خطاب کرنا

حصہ دوم

(2) حدیث کے معنی ومفہوم بتایئے اور اس کی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالیے۔

(3) مسلم شریف کا تعارف کریئے اور اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(4) توحید سے آپ کیا سمجھتے ہیں اور انسان کی عملی زندگی پر اس عقیدہ کا کیا اثر پڑتا ہے۔

(5) وحی کسے کہتے ہیں اور نزول وحی کے مختلف طریقوں کو بیان کیجیے۔

(6) نماز کی فضلیت پر ایک مختصر مضمون لکھیے۔

(7) امام ترمذیؒ کی حیات وخدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

(8) تفسیر کا تعارف کرایئے اور عہد رسالت وخلافت میں تفسیر کی تاریخ پر روشنی ڈالیے۔

(9) مولانا ابوالکلام آزاد اور انکی تفسیر کا مختصر تعارف کرایئے۔

حصہ سوم

(10) امام بخاریؒ کی حیات اور علم حدیث میں انکی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(11) امام طبری کی حیات ان کی تفسیر کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(12) تدوین حدیث کی تاریخ پر ایک مضمون لکھیے۔

(13) قرآن مجید کی بنیادی تعلیمات پر ایک مختصر مضمون قلمبند کیجیے۔

(14) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی حیات اور علم حدیث میں ان کی خدمات بیان کیجیے۔

☆☆☆